لاہور، اسلام آباد، پشاور، کوئٹہ، ملتان، کراچی، راولپنڈی، مظفر آباد، پڑھا جانے والا، اخبار

روزنامہ
نئی قیادت
بہاولپور
لودھراں

چیف ایڈیٹر: سید علی محمد شاہ بخاری
ایڈیٹر: رحیم طلب
سینئر ایگزیکٹو ایڈیٹر: شبیر احمد کلیار
ڈپٹی چیف ایڈیٹر: محمد عمران بھٹی
ایگزیکٹو ایڈیٹر: ڈاکٹر عبدالستار آزاد
ایڈیٹر وانچارج نمائندگان: ملک محمد ظفر حسین
ریزیڈنٹ ایڈیٹر: ایس این بخاری

جلد 1 | منگل 11 شوال 1447ھ 31 مارچ 2026ء (صفحات 4 قیمت 20 روپے) | شمارہ 230

وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ کا میرپورخاص ریجنل آفس کا دورہ، کارکردگی کا جائزہ

عوامی شکایات کے فوری اور شفاف ازالے کی ہدایت، بروقت انصاف کی فراہمی اولین ترجیح

بہاولپور (ڈاکٹر رانا عبدالستار سے) وفاقی محتسب پاکستان جناب نوید کامران بلوچ نے میرپورخاص میں وفاقی محتسب کے ریجنل آفس کا سرکاری دورہ کیا، جہاں ان کی آمد پر متعلقہ افسران نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ دورے کے دوران وفاقی محتسب کو ریجنل آفس کی کارکردگی، عوامی شکایات کے ازالے، اور زیر التوا کیسز سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ انہوں نے افسران کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے ہدایت کی کہ عوامی شکایات کے حل میں شفافیت، تیزی اور مؤثر اقدامات کو یقینی بنایا جائے۔ وفاقی محتسب نے اس موقع پر کہا کہ شہریوں کو بروقت انصاف کی فراہمی ادارے کی اولین ترجیح ہے، اور اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ فیصلوں پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے اور شکایت کنندگان کے ساتھ مؤثر رابطہ رکھا جائے۔ انہوں نے ریجنل آفس کو درپیش مسائل اور چیلنجز بھی سنے اور ان کے فوری حل کے لیے متعلقہ حکام کو ضروری ہدایات جاری کیں۔ دورہ اس عزم کے ساتھ اختتام پذیر ہوا کہ وفاقی محتسب کا ادارہ عوام کو فوری، شفاف اور بلا معاوضہ انصاف فراہم کرنے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گا۔

القرآن
ہمارے لیے اللہ ہی کافی ہے اور وہی سب سے بڑا مدد گار ہے۔

لاہور راولپنڈی/اسلام آباد کراچی پشاور اور ملتان سے شائع ہونے والا موثر ترین قومی اخبار 03026765467

ABC Certified

چیف ایڈیٹر: محمد اسامہ ساجد

روزنامہ نیا پاکستان لاہور

THE DAILY
NAYA PAKISTAN
LAHORE

ایڈیٹر: محمد عیسیٰ عابد

شمارہ نمبر 368	منگل 11 شوال 1447ھ 31 مارچ 2026ء	جلد نمبر 36

وفاقی محتسب میں مؤثر سماعت، 15 لاکھ روپے کا مالی ریلیف فراہم

زیرِ التواء کیسز نمٹا دیے گئے اور سائلین کے مسائل فوری حل کیے گئے

بھاولپور (ملک ناظم ڈاونج ڈسٹرکٹ بیورو چیف روزنامہ نیا پاکستان لاہور) وفاقی محتسب مؤثر سماعت، زیرِ التواء تمام کیسز نمٹا دیے گئے، 15 لاکھ روپے کا ریلیف فراہمبہاولپور (نمائندہ خصوصی) وفاقی محتسب ریجنل آفس بہاولپور میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر سید فضل رضا رضوی کی زیر صدارت امپلیمنٹیشن کیسز کی اہم سماعت منعقد ہوئی، جس میں مختلف وفاقی اداروں کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ سماعت کے دوران ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) کے تمام ڈویژنز کے ایکسیئنز (XENs) پیش ہوئے، جبکہ دیگر اداروں میں نادرا، سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ (SNGPL)، پاکستان ریلوے، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP)، پاکستان پوسٹ آفس، اسٹیٹ لائف انشورنس اور ایف آئی اے (FIA) کے نمائندگان بھی موجود تھے۔ دورانِ سماعت تمام متعلقہ افسران نے کیسز سے متعلق رپورٹس پیش کیں اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر کی ہدایات کی روشنی میں فوری اقدامات اٹھاتے ہوئے سائلین کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا گیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ ڈائریکٹر سید فضل رضا رضوی نے واضح ہدایات جاری کیں کہ وفاقی محتسب کے فیصلوں پر بروقت اور مؤثر عملدرآمد ہر صورت یقینی بنایا جائے اور کسی بھی قسم کی تاخیر یا غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ سماعت کے نتیجے میں زیرِ التواء جتنے بھی امپلیمنٹیشن کیسز تھے، انہیں مکمل طور پر نمٹا دیا گیا اور تمام کیسز کو موقع پر ہی حل کر لیا گیا۔ اس کارروائی کے دوران سائلین کو مجموعی طور پر تقریباً 15 لاکھ روپے کا مالی ریلیف بھی فراہم کیا گیا، جس پر متاثرہ افراد نے بھرپور اطمینان کا اظہار کیا۔ عوامی حلقوں نے اس کامیاب اور مؤثر سماعت پر اسسٹنٹ ڈائریکٹر سید فضل رضا رضوی کا خصوصی شکریہ ادا کیا، جن کی نگرانی میں فوری انصاف کی فراہمی ممکن ہوئی۔ اس کے ساتھ ساتھ ریجنل ہیڈ باسط عزیز خان اور وفاقی محتسب پاکستان نوید کامران بلوچ کی قیادت اور ہدایات کو بھی سراہا گیا، جن کی بدولت عوامی شکایات کے ازالے کا نظام مزید فعال اور مؤثر بنایا جا رہا ہے۔ وفاقی محتسب کے تحت اس نوعیت کی کارروائیاں اس عزم کی عکاسی کرتی ہیں کہ شہریوں کو فوری، شفاف اور بلا معاوضہ انصاف کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا اور کسی بھی ادارے کی جانب سے سائلین کے مسائل میں تاخیر کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔